ایران میں عشرہ کرامت، رہبر انقلاب فرزند رسول امام رضا (ع) کے روضہ پر حاضر ہوئے - 23 /Jul/ 2017

رہبر انقلاب اسلامی نے روضہ مبارک فرزند رسول امام رضا علیہ السلام پر حاضر ہو کر ایک مخصوص رسم کے مطابق خاندان رسالت کے آٹھویں چشم و چراغ کی قبر مبارک کو غسل دیا۔ یہ رسم ہر سال ماہ ذی قعد میں ، فاطمہ معصومہ سلام اللہ علیہا اور امام رضا علیہ السلام کے یوم ولادت کے موقع پر انجام دی جاتی ہے ۔ ان مراسم میں قرآن کریم کی آیات کی تلاوت اور اہل بیت رسول اکرم صلوات اللہ و سلامہ علیہ کی منقبت خوانی کی جاتی ہے جس سے روضہ امام رضا (ع) کے زائروں اور مجاوروں کی روحانی اور معنوی کیفیات میں اضافہ ہوتا ہے۔ واضح رہے کہ ہر سال پہلی ذی قعد ولادت حضرت معصومہ (س) سے لیکر گیارہ ذی قعد ولادت امام رضا (ع) تک ایران بھر میں عشرہ کرامت اور اس سلسلے کے خصوصی پروگراموں اور مراسم کا اہتمام کیا جاتا ہے۔